MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کراچی
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ فون نمبر
Dailyaskarkhi@gmail.com
0331-8383955
جلد 15 | 04 فروری، بروز منگل 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 268

جی ڈی اے کا 8 فروری کو سندھ بھر میں یوم سیاہ منانے کا اعلان

8 فروری کا دن ملکی تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا، جب ریکارڈ دھاندلی کے ذریعے سندھ کے عوام کا مینڈیٹ چوری ، جی ڈی اے کے امیدواروں کو زبردستی شکست دی گئی، ڈاکٹر صفدر عباسی

کارکنان اس دن سیاہ پرچم لہرائیں گے اور بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھیں گے، ضلعی ہیڈ کوارٹرز کے پریس کلبوں کے سامنے پرامن احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے

کراچی (آئی این پی) گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے) نے جعلی انتخابات، نئی کینال نکالنے، امن وامان کی خراب صورتحال اور متنازع پیکا قوانین کے خلاف 8 فروری کو سندھ بھر میں یوم سیاہ منانے کا اعلان کردیا۔ جی ڈی اے کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر صفدر عباسی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 8 فروری کا دن ملکی تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا، جب ریکارڈ دھاندلی کے ذریعے سندھ کے عوام کا مینڈیٹ چوری کیا

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

سندھ بار اور بلوچستان بار نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ججز تعیناتی کو خوش آئند قرار دیدیا

یہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے وفاقی تشخص کی بحالی کی جانب قدم ہے، صدر سندھ ہائیکورٹ بار بیرسٹر محمد سرفراز علی میتلو

کراچی، (آئی این پی) سندھ ہائی کورٹ بار

(بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں ماہانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح 9 سال دو ماہ کی کم ترین سطح پر آ گئی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان میں ماہانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح 9 سال دو ماہ کی کم ترین سطح پر آ گئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کیمطابق جنوری میں مہنگائی کی شرح 2.4 فیصد رہی، دسمبر میں مہنگائی کی شرح 4.1 فیصد کی سطح پر تھی، رواں مالی سال کے

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

سندھ کے پہلے وزیراعلی کی صاحبزادی انتقال کر گئیں

برٹش لچسلیٹو کونسل کے الیکشن میں حصہ لیا اور اس کے ممبر بن گئے۔ اللہ بخش بھیو لچسلیٹو کونسل کے 9 سال تک ممبر رہے

کراچی (آئی این پی) سندھ کے پہلے وزیراعلی شہید اللہ بخش سومرو کی صاحبزادی انتقال کر گئیں۔ تفصیل کے مطابق اہلخانہ نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ پہلے وزیراعلی سندھ شہید اللہ بخش سومرو کی صاحبزادی رضیہ سومرو انتقال کر گئیں، رضیہ سومرو نے 100 عمر پائی، ان کی نماز جنازہ آج (منگل کو) 3 بجے جیکب آباد میں ادا کی جائے گی۔ یاد رہے اللہ بخش سومرو نے 31 اگست 1900 میں شکارپور میں محمد عمر کے گھر

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے امریکی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

آصف علی زرداری چین کے صدر کی دعوت پر دورہ کر رہے ہیں

چینی حکومت کی خصوصی دعوت پر آصف علی زرداری چین کے صوبے ہیلونگ جیانگ کے شہر ہاربن میں نویں ایشین ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کریں گے

آصف علی زرداری چین کے صدر شی جن پنگ کی دعوت پر دورہ کر رہے ہیں۔ آصف علی زرداری دورے کے دوران صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم لی کیانگ سے ملاقاتیں کرینگے

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری 4 روزہ دورے پر آج (منگل کو) چین روانہ ہوں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق صدر مملکت 4 سے 8 فروری 2025 تک چین کا دورہ کریں گے، آصف علی زرداری چین کے صدر شی جن پنگ کی دعوت پر دورہ کر رہے ہیں۔ آصف علی زرداری دورے کے دوران صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم لی کیانگ سے ملاقاتیں کرینگے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری دیگر سینئر چینی رہنماں اور قیادت سے بھی ملاقاتیں کریں گے، دورہ چین کے دوران سی پیک پر بات چیت ہوگی، انسداد دہشت گردی اور سکیورٹی تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت نے ارکان پارلیمنٹ کی ترقیاتی اسکیموں کا بجٹ دوگنا کر دیا

طے شدہ حکمت عملی کے مطابق پہلی سہ ماہی میں 15 فیصد، دوسری میں 20 فیصد، تیسری میں 25 فیصد اور آخری سہ ماہی میں 40 فیصد فنڈز جاری کیے جانے تھے

رپورٹ کے مطابق پیپلز پارٹی نے گزشتہ مالی سال کے 30 ارب روپے کے غیر استعمال شدہ ترقیاتی فنڈز بحال کرنے کا مطالبہ کیا تھا جسے حکومت نے مسترد کر دیا

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں جاری معاشی بحران اور 470 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کے باوجود وفاقی حکومت نے ارکان پارلیمنٹ کی ترقیاتی اسکیموں کا بجٹ دوگنا کر دیا۔ ارکان پارلیمنٹ کو براہ راست فنڈز دینے کے بجائے متعلقہ وزارتوں۔ ڈویژنز اور صوبائی حکومتوں کے ذریعے ترقیاتی اسکیموں پر عمل درآمد کروایا جائے گا۔ پائیدار ترقی اہداف کے نام

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

نوجوان کی محبت میں کراچی آئی امریکی خاتون کو ہیموگلوبن کی کمی کا سامنا ہسپتال میں زیر علاج

امریکی خاتون کا کہنا ہے کہ میری شادی آن لائن ہو چکی ہے، پیسوں کے لیے شادی نہیں کی، میرے پاس پیسے ہیں

کراچی (آئی این پی) پاکستانی نوجوان کی محبت میں کراچی آئی امریکی خاتون اونیجا جناح ہسپتال میں زیر علاج ہیں اور ان کی رپورٹ میں ہیموگلوبن کی سطح کم آئی ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق امریکی خاتون اونیجا جناح اسپتال کے شعبہ نفسیات کے اسپیشل وارڈ میں زیر علاج ہیں، خاتون کی رپورٹ میں ہیموگلوبن کی سطح کم آئی ہے۔ ہسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈاکٹرز نے خاتون کا بلڈ ٹرانسفیوژن تجویز کر دیا ہے، خاتون کچھ معاملات میں تعاون کرتی ہیں اور کچھ میں نہیں۔ اسپتال ذرائع کے مطابق میڈیکل

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

کینسر سے بچاؤ کا عالمی دن آج منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کینسر سے بچاؤ کا عالمی دن آج 4 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد عوام میں اس خطرناک اور جان لیوا مرض سے آگاہی اور اس سے بچاؤ کے متعلق شعور پیدا کرنا ہے کینسر کے عالمی دن

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

کراچی ایئرپورٹ پر موبائل فونز اسمگلنگ کی کوشش ناکام

تھائی لینڈ سے آنیوالے مسافروں سے قیمتی آئی فونز برآمد، بعدازاں دونوں مسافروں کو روانہ کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

مسافر محمد جنید اور فیضان تھائی ایئر کی پرواز "ٹی جی 341 کے ذریعے کراچی ایئرپورٹ پہنچے تھے، کسٹم کے عملے نے مسافروں سے آئی فونز ضبط کر کے ان سے پوچھ گچھ کی گئی

کراچی (آئی این پی) کراچی میں جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر موبائل فونز اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی، پاکستان کسٹمز نے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بیرون ملک سے آنے والے مسافروں سے قیمتی آئی فونز برآمد کر لئے۔ کسٹمز حکام کا کہنا ہے کہ تھائی لینڈ سے آنے والے 2 مسافروں سے 35 لاکھ روپے مالیت کے آئی فونز برآمد کر لئے گئے۔ دونوں مسافروں

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین آئی سی سی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا مثبت آغاز ، ڈالر کی قیمت بھی گر گئی

انٹربینک میں 5 پیسے سستا ہونے کے بعد ڈالر کی قیمت 278 روپے 90 پیسے ہوگئی ہے

کراچی (آئی این پی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر تیزی کا رجحان رہا، تبادلہ مارکیٹ میں ڈالر بھی سستا ہوگیا۔ کاروباری ہفتے کے پہلے روز اسٹاک ایکسچینج میں مثبت کاروبار کا آغاز ہوا، اسٹاک مارکیٹ کے 100 انڈیکس میں 294 پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے انڈیکس ایک لاکھ 14 ہزار 550 کی سطح پر پہنچ گیا۔ گزشتہ کاروباری ہفتے کے آخری روز انڈیکس نے ایک لاکھ 15 ہزار کی حد عبور کر لی

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

سابق صدر یحییٰ خان کا 108 واں یوم پیدائش آج منایا جا رہا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کے سابق صدر یحییٰ خان کا 108 واں یوم پیدائش 4 فروری کو منایا جائے گا وہ پاکستان کے پانچویں صدر تھے جو کہ 25 مارچ 1969ء سے 20 دسمبر 1971ء تک ملک کے صدر رہے۔ یحییٰ خان 4 فروری 1917ء کو پنجاب کے شہر

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

سونے کی قیمت میں مزید 200 روپے فی تولہ اضافہ

اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت میں 171 روپے کا اضافہ ہوا جس کے بعد قیمت 2 لاکھ 50 ہزار 685 روپے ہوگئی

کراچی (آئی این پی) ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں مزید 200 روپے کا اضافہ ہوگیا ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق سونے کی فی تولہ نئی قیمت 2 لاکھ 92 ہزار 400 روپے ہوگئی، اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت میں 171 روپے کا اضافہ ہوا جس کے بعد قیمت 2 لاکھ 50 ہزار 685 روپے ہوگئی۔ ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں مزید 200 روپے کا اضافہ ہوگیا ہے۔ آل

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

صحافی سمجھتے ہیں کہ حق تلفی ہوئی ہے تو وہ ہائیکورٹ جا سکتے ہیں عطا تارڑ

پیکا ایکٹ کا مقصد فیک نیوز کا خاتمہ، سوشل میڈیا کے خطرات کا تدارک کرنا ہے، پیکا قانون سے آزادی اظہار رائے کا تحفظ ہوگا، احتجاج کس بات کا ہے؟ صحافی بتائیں کہ کس شق پر اعتراض ہے

تمام اداروں میں اصلاحات لا رہے ہیں، کسی کو اصلاحات میں رکاوٹ نہیں بننے دیں گے، میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنائیں گے، وفاقی وزیر اطلاعات کا تقریب سے خطاب

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پیکا قانون سے آزادی اظہار رائے کا تحفظ ہوگا، پیکا قانون پر احتجاج کس بات کا ہے؟، اس کا مقصد فیک نیوز کا خاتمہ، سوشل میڈیا کے خطرات کا تدارک کرنا ہے، صحافی بتائیں کہ کس شق پر اعتراض ہے۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ پیکا

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے سلطان عبدالرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں

سندھ حکومت نے ایگریکلچر انکم ٹیکس میں لائیو اسٹاک کو شامل نہیں کیا، وزیراعلی سندھ

آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری، سندھ کابینہ نے ایگریکلچر انکم ٹیکس بل 2025 کی منظوری دیدی، جنوری 2025 سے نافذ العمل ہوگا

آئی ایم ایف سے بات کرنے سے پہلے سندھ کو اعتماد میں لینا چاہئے تھا، ایگریکلچر انکم ٹیکس لگانے سے سبزیوں کی قیمتیں بڑھ جائیں گی

کراچی (آئی این پی) آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری کرتے ہوئے سندھ کابینہ نے ایگریکلچر انکم ٹیکس بل 2025 کی منظوری دے دی جو کہ جنوری 2025 سے نافذ العمل ہوگا۔ تفصیل کے مطابق وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا، کابینہ نے ایگریکلچر انکم ٹیکس بل 2025 کی منظوری دے دی۔ ترجمان وزیراعلی سندھ کے مطابق صوبائی

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

فرزانہ نائیک نے چیئرپرسن ہلال احمر پاکستان کا چارج سنبھال لیا

اسلام آباد (آئی این پی) فرزانہ نائیک کو ہلال احمر پاکستان کی چیئرپرسن تعینات کر دیا گیا۔ وہ اس سے قبل ہلال احمر سندھ برانچ کی چیئرپرسن اور ہلال احمر پاکستان کے مینجنگ بورڈ کی رکن بھی رہی ہیں۔ فرزانہ نائیک انسانیت کی خدمت، عوامی فلاح و بہبود کا وسیع تجربہ رکھتی ہیں۔ صدر ہلال احمر پاکستان، صدر مملکت آصف علی زرداری نے ڈاکٹر فرزانہ نائیک کو تین سال کیلئے ہلال احمر پاکستان کی چیئرپرسن تعینات کیا ہے۔ ہلال احمر پاکستان کے

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت امن وامان سے متعلق اجلاس میں گورنر بلوچستان، وزیراعلی بلوچستان، صوبائی وزراء و دیگر حکام شریک ہیں

پاکستانی حکومت کو ٹرمپ کے ساتھ مسئلہ کشمیر پر ثالثی کا معاملہ اٹھانا چاہیے، مشاہد حسین

حکومتی مذاکرات تو ٹیٹ پریکٹس گپ شپ تھی، اصل مذاکرات بیک چینل ہو رہے ہیں، مجھے امید کی کرن نظر آ رہی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے سینیٹر اور سینئر سیاستدان مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ پاکستانی حکومت کو صدر ٹرمپ کے ساتھ مسئلہ کشمیر پر ثالثی کا معاملہ اٹھانا چاہیے، حکومتی مذاکرات تو ٹیٹ پریکٹس گپ شپ تھی، اصل مذاکرات بیک چینل ہو رہے ہیں، مجھے امید کی کرن نظر آ رہی ہے، اگلے چند ماہ میں حالات سنبھل جائیں گے، ریلیف اور رہائی بھی ہوگی، اصل ایشو عمران خان کی گارنٹی کا ہوگا۔ ایک انٹرویو میں مشاہد حسین

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ بار نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ججز ٹرانسفرز کو خوش آئند قرار دے دیا

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ججز ٹرانسفرز کو خوش آئند قرار دے دیا۔ سپریم کورٹ بار نے اپنے جاری اعلامیے میں کہا کہ سپریم کورٹ بار ہمیشہ قانون کی حکمرانی عدلیہ کی آزادی کیلئے کھڑی ہوئی ہے،

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

کیس کمپنیوں کا کیپٹو پاور پلانٹس کو نیشنل گرڈ پر منتقل کرنے کی غیر منصفانہ پالیسی پر احتجاج

لاہور سے تعلق رکھنے والی ایس این جی پی ایل نے پی ایل ایل کی تجویز اور اپنے گاہکوں کو نجی ٹیرز پر منتقل کرنے کی مخالفت کی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) گیس کی قیمتوں میں اضافے اور سپلائی منقطع کر کے صنعتی کیپٹو پاور پلانٹس (سی پی پیز) کو نیشنل پاور گرڈ پر منتقل کرنے کے آئی ایم ایف کے دباؤ کے بعد گیس کمپنیوں نے نجی حریفوں کے ہاتھوں پرانے گاہکوں کو کھونے پر شور مچانا شروع کر دیا اور حکومت سے غیر منصفانہ پالیسی پر نظر ثانی کا مطالبہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک سرکاری ادارے نے حکومت سے کلیئرنس طلب

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

الیکشن میں پی ٹی آئی کے 35 لوگوں نے حلف نامے دیکر جیت کا نوٹیفکیشن لیا، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا کہ الیکشن میں پی ٹی آئی کے 35 کے قریب ارکان اسمبلی نے حلف نامہ دے کر کامیابی کا نوٹیفکیشن لیا۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پی ٹی آئی کے 35 لوگوں نے حلف نامے دیکر جیت کے نوٹیفکیشن لئے، میں بھی 11 بجے تک جیت گیا تھا پھر ڈی سی نے کہا حلف نامہ دے دیں۔ رہنما پی ٹی آئی نے بتایا کہ پوچھا حلف نامہ کیا ہوتا ہے، ڈی سی نے کہا اسکے بغیر نوٹیفکیشن نہیں ہوگا، حلف نامہ اس

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر ترقی ومنصوبہ بندی احسن اقبال سے چیئرمین اسلامک آڈیالوجی کونسل محمد راغب حسین ملاقات کر رہے ہیں

چینی مافیا نے عوام کی جیب پر 8 ارب کا ڈاکہ ڈال دیا، تحقیقاتی اداروں کا ایکشن

اسلام آباد (آئی این پی) چینی کی قیمت میں مصنوعی اضافہ، ایک ماہ میں شوگر مافیا نے عوام کی جیب پر 8 ارب روپے سے زائد کا ڈاکہ ڈال دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شوگر ملز مالکان کے ساتھ ملکر دام بڑھائے

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

حکومت کا الیکٹرک وہیکلز کے چارجنگ سٹیشنز کیلئے بجلی نرخوں میں کمی کا اعلان

ای وی چارجنگ سٹیشنز کے لیے نئے نرخ مقرر کرنے کی درخواست نیپرا میں دائر، 12 فروری کو درخواست پر سماعت ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے الیکٹرک وہیکلز کے چارجنگ سٹیشنز کے لیے بجلی نرخ میں 50 فیصد کمی کا اعلان کر دیا۔ اس وقت چارجنگ سٹیشنز کو بجلی تقریباً 45 روپے فی یونٹ فراہم کی جا رہی ہے، ٹیکسز شامل کر کے چارجنگ سٹیشنز کو بجلی 71 روپے 10 پیسے فی یونٹ پڑتی تھی۔ وفاقی حکومت نے چارجنگ سٹیشنز کو فی یونٹ 23 روپے 57 پیسے دینے کا فیصلہ کیا، ٹیکسز میں رعایت کے بعد چارجنگ سٹیشنز کو بجلی تقریباً 39 روپے میں ملے گی۔ حکومت نے ای وی چارجنگ سٹیشنز کے لیے نئے نرخ مقرر کرنے کی درخواست نیپرا میں دائر کر دی، نیپرا 12 فروری کو درخواست پر سماعت کرے گا۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ موجودہ نرخ اور نئے نرخ میں فرق کو کراس سبسڈی کے ذریعے مینج کیا جائے گا، نئے نرخوں پر تمام ٹیکسز اور ایڈجسٹمنٹ کا طلاق ہوگا، چارجنگ سٹیشنز کے لیے یہ نرخ مقرر کیا جائے تاکہ 2030 تک ای وی مارکٹ حاصل کیے جائیں۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت نے 2030 تک پاکستان میں 30 فیصد گاڑیوں کو الیکٹرک

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

افغان صوبے باغیس کے نائب گورنر کا بیٹا بھی پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث نکلا

افغان حکومت اور فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ، افغان حکام نے بدرالدین عرف یوسف کی لاش لینے سے انکار کر دیا

اسلام آباد (آئی این پی) افغان حکومت اور فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کا پردہ ایک بار پھر فاش ہو گیا۔ افغانستان کے صوبے باغیس کے نائب گورنر کے بیٹے کے پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، افغان حکام نے بدرالدین عرف یوسف کی لاش لینے سے انکار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج اور افغان حکومت گٹھ جوڑ کے ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آ گئے ہیں۔ 30 اور 31 جنوری کی رات ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل کلاچی میں سکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن میں فتنہ الخوارج کے چار دہشتگرد مارے گئے۔ ان ہلاک دہشتگردوں میں افغانستان کے صوبے باغدیس کے نائب گورنر مولوی غلام محمد احمدی کا بیٹا بھی شامل تھا۔ یہ آپریشن ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل کلاچی کے علاقے مدی میں کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے امریکی ساختہ جدید نائٹ ویژن سمیت ایم 16 اے 4 اور ایم 24 سنائپر رائفلز بھی برآمد کی گئیں۔ ذرائع نے بتایا کہ باغدیس کے گورنر کے ہلاک کئے جانے والے بیٹے کی شناخت بدرالدین عرف یوسف کے نام سے ہوئی اور اب افغان حکام بدرالدین عرف یوسف کی لاش لینے سے بھی انکاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے کئی بار افغان حکام کو لاش وصولی کا کہا لیکن افغان سائیڈ سے مسلسل انکار کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بدرالدین اس سے پہلے افغان طالبان کے تربیتی مرکز میں تربیت حاصل کرتا تھا اور بعد میں فتنہ الخوارج کا حصہ بنا۔ بدرالدین افغانستان سے پاکستان میں دہشتگرد حملوں کی نئی لہر میں ایک اہم کردار کے طور پر براہ راست ملوث تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ افغان طالبان کی قیادت اب بھی افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں بشمول فتنہ

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

منشیات کے ڈیلرز کو صرف قانون کی گرفت میں لایا جائے، محسن نقوی

محسن نقوی کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، منشیات کی خرید و فروخت روکنے کیلئے اہم فیصلے

وفاقی وزیر داخلہ کا منشیات سمگلنگ روکنے کیلئے ایئرپورٹس پر چیکنگ مزید سخت کرنے کا حکم

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے منشیات سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ایئرپورٹس پر چیکنگ مزید سخت کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں منشیات کی خرید و فروخت روکنے کیلئے اہم فیصلے کئے گئے، ڈی جی اے این ایف میجر جنرل عبدالمعید، ریجنل ڈائریکٹر اے این ایف بریگیڈیئر سکندر

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں شرح پیدائش 6 بچوں سے کم ہوکر 3.6 رہ گئی، رپورٹ

ان مسائل کو حل کر کے ممالک صحت مند، زیادہ پیداواری آبادی پیدا کر سکتے ہیں، معیار زندگی کو بہتر بنا سکتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان میں شرح پیدائش 1994 میں فی عورت 6 بچوں سے کم ہوکر 2024 میں 3.6 ہوگئی۔ یہ بات اقوام

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیراعظم شہباز شریف گزشتہ روز دہشت گردوں کی جانب سے حملے میں زخمی اہلکار کی عیادت کر رہے ہیں

عمران خان کو اب بھی آفرز آتی ہیں کہ حکومت کو دو سال چلنے دیں، جنید اکبر

حکومت کے تمام ہتھکنڈے ناکام ہو چکے، عمران خان کی مقبولیت میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے، کہ جنرل باجوہ کی خواہش نہیں تھی

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ مذاکرات کا مقصد حکومت کو ایکسپوز کرنا تھا، بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اب بھی آفرز آتی ہیں کہ حکومت کو دو سال چلنے دیں، عمران خان آفرز قبول کر لیں تو رہا ہو جائیں گے مگر وہ اپنے اصولوں پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ ایک انٹرویو میں پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو کہا اسمبلی توڑنے کا مشورہ دینے والوں کو کہیں یہ ٹھیک نہیں ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی مقبولیت میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے، حکومت کے تمام ہتھکنڈے ناکام ہو چکے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کی وجہ سے لوگ ہم سے محبت کرتے ہیں۔ جو عمران خان کیساتھ ہوگا وہی جیتے

(بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

صحافی برادری سے مشاورت کی جائی تو بہتر نتائج مل سکتے تھے، فضل الرحمان

صدر مملکت نے یقین دلایا کہ محسن نقوی سے مشاورت کریں گے، لگتا ہے ایسا دباؤ آیا کہ صدر نے جلد ہی دستخط کر دیئے، پیکا قانون یک طرفہ بنا

حالات کے بدلنے سے قوانین بھی تبدیل ہوتے رہتے ہیں مقتدر قوتوں کے آئین اور قانون موم کی ناک ہے جس طرف موڑ دیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ پیکا قانون یک طرفہ بنا، صحافی برادری سے مشاورت کی جاتی تو بہتر نتائج مل سکتے تھے۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اچانک پارلیمنٹ ہاؤس پہنچ گئے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیاست اور صحافت ایک دوسرے کے ساتھ

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

26 ویں ترمیم کے بعد مرضی کے ججز کو لایا جا رہا ہے: فواد چوہدری

ہمیشہ سے کہہ رہا ہوں پی ٹی آئی کو لائنس بنانا ہوگا، مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ 26 ویں ترمیم کے بعد مرضی کے ججز کو لایا جا رہا ہے، پندرہویں نمبرز والے بنچ

(بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی و ترقی کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی و ترقی کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس آج منگل 4 فروری دن گیارہ بجے پارلیمنٹ ہاؤس کے دستور روم میں طاہر اقبال کی صدارت میں منعقد ہو گا۔ کمیٹی ملک بھر میں کینسر کے مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی کا جائزہ لے گی۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی و ترقی کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس آج منگل 4 فروری دن گیارہ بجے پارلیمنٹ ہاؤس کے دستور روم میں طاہر اقبال کی صدارت میں منعقد ہوگا۔ کمیٹی ملک بھر میں کینسر کے مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی کا جائزہ لے گی۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی و ترقی کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس آج منگل 4 فروری دن گیارہ بجے پارلیمنٹ ہاؤس کے دستور روم میں طاہر اقبال کی صدارت میں منعقد ہوگا۔ کمیٹی ملک بھر میں کینسر کے

(بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان ہجال فیڈریشن کے قومی کھلاڑی شبک بلوچ کو حکومت بلوچستان کی جانب سے معاونت کا چیک دے رہے ہیں

عالمی ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی

وزیراعظم شہباز شریف نے عالمی ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت رواداری اور باہمی احترام کے ماحول کو فروغ دینے کے لئے پرعزم ہے، انتہاء ۔ پیندی اور تفرقہ انگیز بازی پاکستان کے سماجی نظام کے لئے خطرہ ہیں، مذہبی، سکالر، کمیونٹی رہنماء ۔ اور شعری معاشرے میں بھائی چارے کو فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کریں۔ اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر بین المذاہب ہم آہنگی کا نقشہ منوا رہا ہے جو کہ پوری دنیا میں مختلف مذاہب کے پیروکاروں کے درمیان مکالمہ، ہم آہنگی اور تعاون کو اجاگر کرنے کے لئے اہمیت کا حامل ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کا تصور بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح ؒ نے تمام مذاہب کے لئے ایک محفوظ ملک کے طور پر دیا تھا، ہمارا ملک ہر شہری کے عقیدے، وقار، تحفظ اور مساوات کے فروغ کے آئینی حق پر قائم ہے، انصاف، رحم اور تمام مخلوق کا احترام دین اسلام کی لازوال تعلیمات ہیں اور ہمارا دین اس حوالے سے مثالی طرز عمل اپنانے کی ترغیب دیتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی شمولیت اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے والی پالیسیوں کے ذریعے ان اقدار کی پاسداری پر یقین رکھتے ہیں، نفرت کے بیج بونے والوں کو بات چیت، خوف کی فضاء ۔ پھیلانے والوں کو حوصلے اور تنقیم پیدا کرنے والوں کو متھ ہو کر جواب دیتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اس موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ پاکستان ہمیشہ سے مختلف مذاہب، ثقافتوں اور روایات کا حسین گلدستہ رہا ہے، پاکستان خصوصاً پنجاب میں ہر شہری کو برابری کے حقوق حاصل ہیں، تمام مذاہب محبت، امن اور رواداری کا درس دیتے ہیں جو حقیقی فلاحی معاشرے کی بنیاد ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ اختلافات موجود رکھیں لیکن دین کی تعلیم اور تہذیب کا دامن نہ چھوڑیں، عقائد کا احترام اور ہم آہنگی کو فروغ دینا ہی پائیدار امن و ترقی کی ضمانت ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ پنجاب حکومت قائداعظم ؒ کے افکار کی روشنی میں اقلیتوں کے تحفظ اور مساوی مواقع کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، بینائی کارڈ سے نادار اقلیتی بہن بھائیوں کو سہ ماہی مالی معاونت دی جا رہی ہے جبکہ اقلیتوں کی فلاح اور بہبود کے بجٹ کو خاطر خواہ حد تک بڑھا دیا گیا ہے، مندروں، گرجا گھروں اور دیگر عبادت گاہوں کی بحالی اور مرمت بھی کی جا رہی ہے، پنجاب حکومت اقلیتی برادری کے تہوار حکومتی سطح پر مناتی ہے، ان کے لئے تعلیم و روزگار کے مواقع میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام ہر سال فروری کے پہلے ہفتے (یکم تا 7 فروری) کو عالمی سطح پر مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لئے منایا جاتا ہے جس کے تحت ممبر ممالک قومی اور بین الاقوامی کانفرنسوں اور سیمیناروں کا انعقاد کرتے ہیں۔ اس کا مقصد معاشروں میں برھتی مذہبی عدم مساوات، عدم رواداری، عدم برداشت، تشدد، نفرت اور تعصبات کا خاتمہ کر کے قبولیت، محبت، ہم آہنگی اور باہمی معاشرتی اقدار کو فروغ دینا ہے۔ ہر سال یہ ہفتہ منانے کا تصور اُردن کے شاہ عبداللہ دوئم نے ستمبر 2010ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پیش کیا تھا جسے اقوام متحدہ نے محض ایک ماہ کے اندر اندر یعنی اکتوبر 2010ء میں متفقہ طور پر منظور کر لیا تھا۔ تاریخ دان سمجھتے ہیں کہ دنیا بھر کے مذہبی رہنما پہلی بار 1893ء میں شکاگو میں ورلڈ پارلیمنٹ آف ریلیجنز میں اکٹھے ہوئے ، دراصل وہیں بین المذاہب ہم آہنگی کی بنیاد ڈالی گئی۔ اقوام متحدہ کے مطابق ہم آہنگی کا مطلب ہمارا متعدد عقیدے کی تبلیغ یا مذہب کی تبدیلی مذہب پر گزر نہیں ہے بلکہ سخت مذہبی موقف اور مفروضوں کے علاوہ مذہبی تعلیمات اور تصورات پر سوال، جواب اور مباحثے سے اجتناب ہے، اس کے بنیادی اصولوں میں مذاہب کی مقدس ہستیوں، دستاویزات، تصورات اور تعلیمات کی تضحیک سے پرہیز، دیگر عقائد کو سمجھنا، ان کا احترام اور انہیں قبول کرنا شامل ہے ۔ ہفتہ برائے فروغ مذہبی ہم آہنگی کے 2010ء میں آغاز سے قبل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے سمجھ اس حوالے سے متعدد کانفرنسوں کا انعقاد کیا جن میں کئی دستاویزات پیش کی گئیں جبکہ یہ باقاعدہ قرارداد بھی منظور کی گئیں۔ واضح رہے کہ اقوام متحدہ کے دستور العمل کی شق نمبر 39 کے مطابق سلامتی کونسل پر دنیا میں امن و امان قائم کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ ہر اُس ملک میں دخل اندازی کرے جہاں اُمن اور امان کو تہہ و بالا کیا جا رہا ہو، اس کا فیصلہ بھی سلامتی کونسل ہی کے پاس محفوظ ہے کہ وہ دخل اندازی میں طاقت کا استعمال کرے یا نہ کرے، بین المذاہب ہم آہنگی میں بین الاقوامی اُمن اور سلامتی کیلئے ضروری ہے اسی لیے اقوام متحدہ اس میں اپنا کردار ادا کرنے کی کوشش کرتی رہی ہے۔ اقوام متحدہ 2009ء میں مختلف ممالک میں بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے نمائندے مقرر کیا اور پھر اپریل 2010ء میں جنرل اسمبلی کی زیر صدارت ہونے والی ایک کانفرنس کے اختتام پر سکالروں اور ماہرین نے اقوام متحدہ میں بین المذاہب ہم آہنگی کونسل کے قیام کے لئے ایک قرارداد منظور کی جس کے بعد اکتوبر 2010ء میں مذہبی انتہاء ۔ پسندی سے پیدا شدہ مسائل کی صورتحال پر بحث کے لئے جنرل اسمبلی کا اجلاس ہوا۔ اس اجلاس میں کہا گیا کہ اقوام متحدہ ہر سال قرارداد پر تو پاس کرتی ہے لیکن اس پر عملدرآمد نہیں ہوتا، اس کے بعد 2011ء میں مذہبی جارحیت اور انتہاء ۔ پسندی کے خلاف بین المذاہب ہم آہنگی کا ہفتہ منایا گیا جس کی سرپرستی اقوام متحدہ نے کی۔ مذہبی شدت پسندی سے پیدا شدہ مسائل کے حل کے لئے تمام مذاہب کے رہنماؤں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کے لئے اقوام متحدہ کی زیر سرپرستی ایک باقاعدہ کونسل بنادی گئی، اسی نے 18 فروری 2011ء کو باقاعدہ طور پر فروری میں اس ہفتے کو منانے کا اعلان کیا۔ مذہبی ہم آہنگی کی نمائندگی کے لئے تاریخی یا اور نج رنگ کا انتخاب کیا جاتا ہے کیونکہ روایتی طور پر یہ رنگ خیالات کی آزادی، باہمی احترام کی حوصلہ افزائی، سماجی رابطہ کاری اور باہمی گفتگو کو ظاہر کرتا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ ہر سال ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی منایا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود دنیا بھر میں مذہب کی بنیاد پر لوگوں کو قتل کیا جاتا ہے، نسل کشی کی جاتی ہے، جنگیں لڑی جاتی ہیں۔ کئی خطوں اور ممالک میں آج بھی مسلمانوں کو مذہب کی بنیاد پر نشانہ بنایا جاتا ہے، کہیں قرآن کی بے حرمتی کی جاتی ہے، کہیں رسول ؐ کی شان میں گستاخی کر کے مسلمانوں کو اُکسانے کی کوشش کی جاتی ہے، انہیں انتہا پسند ظہرایا جاتا ہے۔ غیر اسلامی ممالک میں مسلمان اسلاموفوبیا کا شکار ہو رہے ہیں گزشتہ برس مارچ میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے مسلمانوں کے خلاف نفرت کی لہر پر قابو پانے کے لئے پاکستان کی جانب سے پیش کی جانے والی قرارداد منظور کی تھی جس میں دنیا کے ممالک کو اس سمت سے نمٹنے کے لیے متفقہ اقدامات کی ہدایت کی گئی تھی۔ یہ قرارداد مسلمانوں سے نفرت کے خلاف عالمی دن کے موقع پر منظور کی گئی تھی، اس دن کو منانے کا فیصلہ 2019ء میں نیوزی لینڈ کے شہر کرائسٹ چرچ کی مسجد پر حملوں کے بعد کیا گیا تھا۔ اسلام تو یہاں تک ہمارے پڑوس دیتا ہے، اس میں تشدد اور انتہاء ۔ پسندی کی کوئی گنجائش نہیں ہے، اس میں تو ایک انسان کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیا گیا ہے، اس بات کو مکمل طور پر سمجھنے اور عام کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے ملک تو دور کی بات ملک کے اندر بھی حالات بہت اچھے نہیں ہیں، آج برداشت کی شدید کمی ہے، ہر کوئی اپنے مطلب کی بات سننا اور سمجھنا چاہتا ہے، اختلاف رائے کی اجازت نہیں دی جاتی، دوسرے کو اپنے آپ سے کمتر سمجھا جاتا ہے۔ بچپن سے ہی بچے کی تعلیم و تربیت ضروری ہے، سکولوں اور گھروں میں بغیر کسی تفریق کے ایک دوسرے کے احترام کا سبق دینا چاہئے۔ یہ بات یاد رہے کہ بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لئے اس دنیا میں بسنے والے ہر فرد کو دوسرے کے حقوق و مذہب کے احترام کی اہمیت کو سمجھنا لازم ہے۔

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ریلوے آج سازھے بارہ ارب روپے کی کرپشن کے معاملے کا جائزہ لے گی

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ریلوے کا اجلاس آج منگل 4 فروری دن گیارہ بجے پارلیمنٹ ہاؤس کے کمیٹی روم نمبر دو میں رائے حسن نواز خان کی صدارت میں منعقد ہوگا۔ کمیٹی 2021 کے سازھے بارہ ارب روپے کی کرپشن کے معاملے کا جائزہ لے گی۔ ایم این او منسوب بے پرشیٹ رنگ کا بھی جائزہ لیا جائیگا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ریلوے کا اجلاس آج منگل 4 فروری دن گیارہ بجے پارلیمنٹ ہاؤس کے کمیٹی روم نمبر دو میں منعقد ہو گا۔ کمیٹی 2021 میں سازھے بارہ ارب روپے کی کرپشن کے معاملے کا جائزہ لے گی۔ ایم این او منسوب بے پرشیٹ رنگ کا بھی جائزہ لیا جائیگا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ریلوے کا اجلاس آج منگل 4 فروری دن گیارہ بجے پارلیمنٹ ہاؤس کے کمیٹی روم نمبر دو میں رائے حسن نواز خان کی صدارت میں منعقد ہوگا۔ کمیٹی 2021 میں سازھے بارہ ارب روپے کی کرپشن کے معاملے کا جائزہ لے گی۔

ندائی شعبے کی برآمدات میں اضافہ 13.8 فیصد اضافے سے 3.96 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (آئی این پی) ایف بی آر اور کھوتی پالیسیوں کے باوجود ندائی اجناس کی برآمدات میں اضافہ ہوگیا، رواں سال برآمدات 3.96 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ زرعی معیشت کی بازیابی کی طرف ایک ثبت قدم، ندائی اجناس کی برآمدات میں اضافہ ہوگیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی ندائی شعبے کی مجموعی برآمدات موجودہ مالی سال 2025 میں 13.8 فیصد بڑھ کر 3.96 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ پاکستان کے ندائی شعبے کا عالمی سطح پر پھیلا، چاول کی برآمدات میں یورپ، برطانیہ اور اب بنگلہ دیش جیسی نئی منڈیاں متعارف ہوگئیں، اور شماریات کے مطابق مالی سال 2025 کی پہلی ششماہی میں چاول کی برآمدات سال پہ سال 14.50 فیصد بڑھ کر 1.87 بلین ڈالر تک پہنچ گئیں، باسمتی چاول کی برآمدات میں 30.62 فیصد کا اضافہ، جس سے 433.82 ملین ڈالر کی مجموعی قدر حاصل ہوئی، غیر باسمتی چاول کی برآمدات کی مالیت 13.47 فیصد بڑھ کر 1.44 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ رپورٹ کے مطابق چینی کی برآمدات مالی سال 2025 کی پہلی ششماہی میں 632,804 ٹن تک پہنچ گئی جو پچھلے سال 33,101 ٹن تھی، مالی سال 2025 کی پہلی ششماہی میں گوشت کی برآمدات میں 3.64 فیصد کا شاندار اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ سبزیوں

پاکستان میں پہلی بار 21 فٹ لمبے مجسمے کی فارمنگ کا آغاز

جیکب آباد (آئی این پی) سندھ کے گرم ترین شہر جیکب آباد میں مگرمچھوں کی افزائش نسل کیلئے باقاعدہ فارمنگ کا کام شروع کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شکار کی بڑھتی زیبرات نے چمڑے کی صنعت اور سیاحت کے فروغ کیلئے مگرمچھ پالنے لے۔ جیکب آباد کے نواحی گاؤں میں جھنبور فارم ہاؤس میں متعدد مگرمچھوں کو افزائش نسل کیلئے رکھا گیا ہے۔ اس گاؤں کے ایک زمیندار نے کے کاروبار کا آغاز کیا ہے۔ یہاں پر ایک ہی صنعت ہاتھ سے نکھاب بھی دیکھ رہا ہے۔ اپنی فطرت کے مطابق تالابوں میں خوش رہنے والے یہ مگرمچھ یہاں دندناتے پھرتے ہیں اور یہاں کے ماحول کا حصہ بن چکے ہیں۔ مگرمچھوں کو پالنے والے مقامی زمیندار کا کہنا ہے کہ مستقبل میں یہ مگرمچھ چمڑے کی انڈسٹری اور سیاحت کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے زمیندار نے بتایا کہ فی مگرمچھ 5 سال میں جوان ہوتا ہے، اس کا سائز 21 فٹ تک ہوتا ہے، اور ایک ٹن گوشت فراہم کرتا

آئندہ 24 گھنٹوں میں ملک کے چند مقامات پر تیز ہواؤں کے ساتھ بارش اور برفباری کی پیشگوئی

ٹیمپریچر مونیٹرنگ میں موسم سرد ہواؤں پر برفباری، بارشوں کی 6 تحریکی کرائیں، کراچی میں سردی کی شدت میں اضافے کی پیشگوئی

اسلام آباد (آئی این پی) محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں میں ملک کے چند مقامات پر تیز ہواؤں کے ساتھ بارش اور برفباری کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد رہے گا، شمالی مغربی بلوچستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی چند مقامات پر ہلکی بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد اور خشک رہنے کی توقع ہے۔ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہنے کی توقع ہے۔ سندھ کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور سرد رہے گا۔ چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز نے آج (منگل) اورکل (بدھ) کراچی میں سردی کی شدت میں اضافے کی پیشگوئی کی ہے۔ سردار سرفراز نے بتایا کہ کراچی میں منگل اور بدھ کو رات میں سردی کی شدت میں معمولی اضافے کا امکان ہے، اس دوران درجہ حرارت 10 سے 12 ڈگری سینٹی گریڈ رہ سکتا ہے۔ چیف میٹرولوجسٹ نے مطابق رمضان کے ابتدائی دنوں میں موسم بہتر رہنے کا امکان ہے، رمضان میں دن نسبتاً گرم اور رات میں سمندری ہوا کے باعث موسم بہتر ہے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 20 مارچ سے گرمی کی شدت بڑھنے کا امکان ہے۔ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہنے کی توقع ہے، کشمیر میں بارش کا امکان ہے، اس دوران موسم سرد اور خشک رہے گا۔ ٹیمپریچر مونیٹرنگ کے مطابق رمضان کے ابتدائی دنوں میں موسم بہتر رہنے کا امکان ہے، رمضان میں دن نسبتاً گرم اور رات میں سمندری ہوا کے باعث موسم بہتر ہے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 20 مارچ سے گرمی کی شدت

شرٹیوں کا شریک متفلی ہوتا ہے رفیق تارڑ مرحوم کا گھرانہ انکی مثال ہے، شیخ وقاص

جاتی امراء کے لیبر ہے ضمیر ہی نہیں خریدتے ، اخلاقی انحطاط کے نتیج بھی ہوتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ شرٹیوں کا شریک متفلی ہوتا ہے، رفیق تارڑ مرحوم کا گھرانہ انکی بہترین مثال ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ اقتدار کرپشن کا نتیجہ، اقتدار کے بغیر کرپشن کا کوئی تصور نہیں، ناہل اور نکموں کا ہرون پاکستان کیلئے مزید خطرناک اور تباہ کن ثابت ہو رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جب یہ اقتدار پر گھیرا ہے، وزیراعظم اور اس کے بچوں کو 24 اوپر کے ڈاکے کا حساب دینا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسانوں، محنت کشوں اور مزدوروں کے معاشی قتل کو روانہ دے کر قومی خزانے کو لوٹا گیا۔ پی ٹی آئی کے سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ شرٹیوں کا شریک متفلی ہوتا ہے رفیق تارڑ مرحوم کا گھرانہ انکی بہترین مثال ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ جاتی امراء کے لیبر ضمیر ہی نہیں خریدتے ، اخلاقی انحطاط کے نتیج بھی ہوتے ہیں ، شرٹیوں نے جس دھندے پر پردا ڈالا وہ کیا پاجامہ ہی تھی وہ کوئی بتا کا وسیلہ بنائے ہوئے ہے۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ عطا

لقیہ 1

کے مطابق فرنٹیئر کنسٹیبلری ٹوبہ مرچ ودھرلہ تھانہ پر کنفنگ کریں گے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ چینی حکومت کی خصوصی دعوت پر آنے والے ترکمانی ممبن کے سوبے بیلوک جیانگ کے شہر بارین میں ہونے والی انٹرنیشن ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ یہ دورہ پاکستان اور چین کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلوں کی روایت کو اجاگر کرتا ہے۔

لقیہ 2

گیا ادھر ذی ای اے کے امیدواروں کو وزیر شکست دی گئی، کارکنان اس دن سیاہ پرچم لہرائیں گے اور بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھیں گے، ضلعی بیکو کارنرز کے پریس کلبوں کے سامنے پرامن احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 26 جون آئینی ترمیم نے ملک میں آئینی بحران کو جنم دیا ہے اب توجہ کچھ سیاسی جماعتوں کے حمایت یافتہ مرکزے جارہے ہیں جو عدالتی نظام کی شفافیت پر سوالیہ نشان ہے۔ ذاکر صدر فاطمہ علی عباسی نے متنازع پیکا قوانین پر گہری تشویش کرتے ہوئے کہا کہ ان قوانین کے نفاذ سے آزاد صحافت کی آواز کو دبایا جا رہا ہے جاسکتا، حکومت عوام دشمن پالیسیوں کو فوری واپس لے۔ سندھ میں پانی کی تقسیم پر بات کرتے ہوئے بی ذی ای کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ پہلے بھی صوبے میں کسان اور کاشتکار پانی کی کمی سے شدید متاثر ہیں اور اب دریائے سندھ پر کینال کا منصوبہ متاثر ہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ منصوبہ واپڈا کے دلیہ بیرلنگ میں کینال بنانے کی ذمہ داری کو آشکار کیا جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ سارا منصوبہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کی منظوری سے کیا جارہا ہے۔

لقیہ 3

محکمۂ آصف علی زرداری دیگر سرچ پیلی رحمان اور قیادت سے بھی ملاقاتیں کریں گے، دورہ چین کے دوران کے پیک پر بات چیت ہوگی، انسداد دہشت گردی اور سیکورٹی تعاون پر بھی توجہ دلیا جائے گی۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق فرنٹیئر کنسٹیبلری ٹوبہ مرچ ودھرلہ تھانہ پر کنفنگ کریں گے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ چینی حکومت کی خصوصی دعوت پر آصف علی زرداری چین کے سوبے بیلوک جیانگ کے شہر بارین میں ہونے والی انٹرنیشن ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ یہ دورہ پاکستان اور چین کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلوں کی روایت کو اجاگر کرتا ہے۔

لقیہ 4

ہمارے جوان دشمن کے خاتمے کے لیے پوری طرح تیار ہیں ان خیالات کا اظہار وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے کوئٹہ میں ذریعی ایک سیکرٹریٹ میں اعلیٰ افسران کی موجود تھا لی پر اپنے اعلیٰ اجلاس سے خطاب میں کہی اس موقع پر اپنے وزیر اعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر تشریات عطاء اللہ تارڑ اور وفاقی وزیر ہیلتھ اویس فاروق موجود تھے اسی موقع پر شاہ عالم کا گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اطلاعات و نشریات شیخ جعفر خان مندوخیل، چیف سیکرٹری بلوچستان

چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے جج ٹرانسفر کو خوش آئند قرار دیا

اسلام آباد بائیکوٹ میں جج کا ٹرانسفر آئین کے مطابق ہوا، اقدام کی حوصلہ افزائی ہونی چاہئے، اسلام آباد وفاق کی علامت ہے

میں روزانہ 30 سے 40 کیسز سن رہا ہوں، سپریم کورٹ میں زیرِ التوا کیسز کا بیک لاگ ختم کرنا ہے، ہمیں سپریم کورٹ میں مزید ججز کی ضرورت ہے

جج کا ٹرانسفر آئین کے مطابق ہوا، اقدام کی حوصلہ افزائی ہونی چاہئے، اسلام آباد وفاق کی علامت ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف جسٹس

نے پرلیس ایسوسی ایشن آف سپریم کورٹ کی حلف برداری کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے

(بقیہ 4ر روزنامہ صفحہ 3)

وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کو گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو نئی رپورٹ پر اولوالعزم کررہے ہیں

عدلیہ میں ایسے ججز لائے جارہے ہیں جو عمران خان کو جیل میں رکھیں، علیمہ خان

مقصد یہی ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھو اور دوسرا یہ کہ پی ٹی آئی کو ختم کردو، پکا قانون لایا گیا

راولپنڈی (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی بیرسٹر عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا کہ یہ کہ عمران خان کے بعد کچھ چیزیں آج کل ہورہی ہیں، اس سے واضح ہوگیا ہے کہ مقصد یہی ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھو اور دوسرا یہ کہ پی ٹی آئی کو ختم کرو۔ انہوں نے کہا کہ 2 سال سے کنفٹر کرتے ہوئے علیمہ خان نے بتایا کہ

(بقیہ 4ر روزنامہ صفحہ 3)

وزیراعظم پاکستان کے ترجمان اور اراکین اسمبلی بلوچستان کے ڈاکٹر ظفر مگسی، ڈاکٹر پرویز کاکڑ کو پھول کا گلدستہ پیش کررہے ہیں

جسٹس سردار سرفراز کا ٹرانسفر، لاہور بائیکوٹ میں جج کی نئی سنیارٹی لسٹ مرتب

جسٹس رضا قریشی 34ویں سے 33ویں اور جسٹس رائیل کامران شیخ 35ویں سے 34ویں نمبر پر آگئے ہیں

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر کے اسلام آباد ہائی کورٹ میں ٹرانسفر کے بعد لاہور ہائی کورٹ میں جج کی نئی سنیارٹی لسٹ مرتب کر لی گئی۔ لاہور بائیکوٹ کے 20 ججز کی سنیارٹی لسٹ میں ایک درجے کا اضافہ ہوگیا، جسٹس اجمد جاوید گورال سنیارٹی لسٹ میں 16ویں سے 15ویں نمبر پر آگئے ہیں جبکہ جسٹس طارق سلیم شیخ 17ویں سے 16ویں نمبر پر براجمان ہوگئے ہیں، جسٹس جواد حسن 18ویں سے 17ویں نمبر پر آگئے، جسٹس عرفان افتخار شیخ 19ویں سے 18ویں، جسٹس چوہدری عبدالعزیز 20ویں سے 19ویں، جسٹس اوراحق بیگ 21ویں سے 20ویں نمبر پر آگئے، اسی طرح جسٹس فاروق سید 22ویں سے 21ویں، جسٹس وحید خان 23ویں سے 22ویں نمبر پر آگئے، جسٹس رسال حسن سید 24ویں سے 23ویں، جسٹس عاصم حفیظ 25ویں سے 24ویں، جسٹس صادق محرم 26ویں سے 25ویں، جسٹس احمد یم ارشد 27ویں سے 26ویں، جسٹس طارق ندیم 28 سے 27ویں، جسٹس احمد رفیق 29ویں سے 28ویں، جسٹس عابد حسین 30ویں سے 29ویں اور جسٹس اورنگزیب 31ویں سے 30ویں نمبر پر آگئے ہیں۔ سنیارٹی لسٹ کے مطابق جسٹس علی ضیاء باجوہ 32ویں سے 31ویں، جسٹس سلمان تنویر 33ویں سے 32ویں، جسٹس رضا قریشی 34ویں سے 33ویں اور جسٹس رائیل کامران شیخ 35ویں سے 34ویں نمبر پر آگئے ہیں۔ لاہور ہائی کورٹ کے

(بقیہ 4ر روزنامہ صفحہ 3)

پی پی پی کا تاریخی اقدام، پولیس افسر حنا منور کو پاکستان میٹرز کرکٹ ٹیم کی پہلی خاتون منیجر مقرر کردیا گیا

گزشتہ سال پی پی پی میں شمولیت کے بعد حنا منور کو امید تھا کہ جو ذمہ داری ملے گی ہم ادا کریں گے

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے تاریخی قدم اٹھاتے ہوئے پاکستان میٹرز کرکٹ ٹیم کیلئے پہلی بار خاتون کو منیجر مقرر کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چیئرمین ذوالفی چوہدری آپریشنز اور سیکورٹی میں مضبوط تاریخ رکھنے والی پولیس افسر حنا منور کو پاکستان میٹرز کرکٹ ٹیم کی پہلی خاتون منیجر مقرر کیا گیا ہے۔ سوات کے علاقے میں فرنٹیئر کانسٹیبلری کی تجربہ کار حنا منور کو

(بقیہ 4ر روزنامہ صفحہ 3)

نئی کیپٹول کی رجسٹریشن کی شرح میں ریکارڈ اضافہ خوش آئند، خرم شہزاد

ملک کے اہم معاشی اشاریے درست سمت گامزن ہیں، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ای کامرس کی نئی کمپنیوں کی شرح بہت زیادہ ہے

ایف بی آر کے محصولات میں کسٹم ڈیوٹی کا تناسب بڑھتے ہوئے دیگر شعبوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، اس سے ملک کی اقتصادی بحالی اور معاشی نمو کی عکاسی ہوتی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے جنوری میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن کی شرح میں نمایاں اضافے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے اہم معاشی اشاریے درست سمت گامزن ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جنوری میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن کی شرح میں ریکارڈ اضافہ ہوا جو خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ رجسٹرڈ کمپنیوں کی

(بقیہ 5ر روزنامہ صفحہ 3)

رمضان شوگر کرپشن کیس، شہباز شریف اور حمزہ شہباز کی بریت پر فیصلہ محفوظ، 6 فروری کو سنایا جائے گا

اس میں جو متعلقہ ایم پی اے تھے وہ فوت ہوگئے۔ اس میں تمام گواہ سرکاری ہیں

لاہور (آئی این پی) اینٹی کرپشن عدالت نے رمضان شوگر کرپشن کیس میں وزیر اعظم شہباز شریف اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کی بریت پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ اینٹی کرپشن عدالت کے جج سردار محمد اقبال ڈوگر نے وزیر اعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس پر سماعت کی۔ عدالت نے شہباز شریف اور حمزہ شہباز کی بریت پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ فیصلہ 6 فروری کو سنایا جائے گا۔ شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے وکیل اعجاز پرویز نے موقف اختیار کیا کہ رکن پنجاب اسمبلی مولانا احمد اللہ کی درخواست پر گذشتہ کے جناب آسفی نے منظور کیا۔ ڈائریکٹر کے اجرا میں حمزہ شہباز کا کوئی کردار نہیں مظہر فیوں پر بات نہیں

(بقیہ 5ر روزنامہ صفحہ 3)

سی ڈی اے افسران کی ملی بھگت سے قومی خزانے کو کروڑوں کے نقصان کا انکشاف

سی ڈی اے افیشلز کی ملی بھگت سے قومی خزانے کروڑوں کا نقصان ہوا تحاصل سی ڈی اے نے ایف آئی اے ریکارڈ فراہم نہیں کی

ایف آئی اے اینٹی منی لانڈرنگ کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آگئی، جس کے بعد ایف آئی اے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کردیا

اسلام آباد (آئی این پی) سی ڈی اے افسران کی ملی بھگت سے قومی خزانے کروڑوں کا نقصان کا انکشاف سامنے آیا، جس پر ایف آئی اے نے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کردیا۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کرنے کا فیصلہ کیا۔ ایف آئی اے نے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کرنے کا فیصلہ کیا۔ ایف آئی اے اینٹی منی لانڈرنگ کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آگئی، جس

(بقیہ 5ر روزنامہ صفحہ 3)

مریم نواز کی بڑھتی مقبولیت سے کچھ لوگ خوفزدہ ہیں، عظمیٰ بخاری

باقی حکومتوں کے ترجمانوں کا کام صرف پنجاب کے منصوبوں میں کیڑے نکالنا ہے

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز کی بڑھتی مقبولیت سے کچھ لوگ خوفزدہ ہیں۔ اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اپنی کارکردگی سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنا رہی ہیں، جن کو مریم نواز کے ساتھ مقابلے کا شوق ہے وہ ان کے جھوٹے کارکردگی بھی دکھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی تاریخ میں مریم نواز پہلی وزیر اعلیٰ ہیں جنہوں نے 80 ہزار منصوبے ایک سال میں شروع کیے، مریم نواز کی حکومت 50 سے زیادہ منصوبے مکمل کر چکی ہے، باقی حکومتوں کے ترجمانوں کا کام صرف پنجاب کے منصوبوں میں کیڑے نکالنا ہے۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اپنے طرز حکومت اور گڈ گورننس کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنا رہی ہیں، مریم نواز کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے کچھ لوگ خوفزدہ ہیں۔

(بقیہ 5ر روزنامہ صفحہ 3)

9 مئی مقدمات، پی ٹی آئی رہنما زتاج گل اور خیال احمد کا سترہ پر فرد جرم عائد

فیصل آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما زتاج گل اور سابق صوبائی وزیر خیال احمد کا سترہ پر 9 مئی مقدمات میں فرد جرم عائد کردی گئی۔ فیصل آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت میں 9 مئی مقدمات کی سماعت ہوئی، زتاج گل عدالت پیش نہ ہوئی، پی ٹی آئی رہنما کے وکیل نے عدالت میں موکل کو حاضری کا استثنیٰ دینے کی درخواست دائر کی۔ جج خیال احمد سابق صوبائی وزیر خیال احمد کا سترہ پر فرد جرم عائد کردی۔ پی ٹی آئی رہنما زتاج گل اور سابق صوبائی وزیر خیال احمد کا سترہ پر مقدمات میں فرد جرم عائد کردی گئی۔ فیصل آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت

(بقیہ 5ر روزنامہ صفحہ 3)

باقی حکومتوں کے ترجمانوں کا کام صرف پنجاب کے منصوبوں میں کیڑے نکالنا ہے

جب آپ مسلسل کئی سالوں سے اقتدار میں رہتے ہیں تو پھر ایسے ڈیلیور کرنے کی ذمہ داری ہوتی ہے، صوبائی وزیر اطلاعات کی وہی ایسے نہ کرسکیں گے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ میاں نواز شریف کی ایک رشتہ میں وقاق اور پنجاب کی تعلیمی کارکردگی کی نئی مثالیں قائم کر رہی ہیں، 2025 پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا سال ہوگا۔ صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز کی بڑھتی مقبولیت سے کچھ لوگ خوفزدہ ہیں۔ اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اپنی کارکردگی سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنا رہی ہیں، جن کو مریم نواز کے ساتھ مقابلے کا شوق ہے وہ ان کے جھوٹے کارکردگی بھی دکھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی تاریخ میں مریم نواز پہلی وزیر اعلیٰ ہیں جنہوں نے 80 ہزار منصوبے ایک سال میں شروع کیے، مریم نواز کی حکومت 50 سے زیادہ منصوبے مکمل کر چکی ہے، باقی حکومتوں کے ترجمانوں کا کام صرف پنجاب کے منصوبوں میں کیڑے نکالنا ہے۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اپنے طرز حکومت اور گڈ گورننس کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنا رہی ہیں، مریم نواز کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے کچھ لوگ خوفزدہ ہیں۔

(بقیہ 5ر روزنامہ صفحہ 3)

ہم نے معیشت کا ڈی این اے تبدیل کرنا ہے، محمد اورنگزیب

بجٹ پلیٹ مشاورت شروع کردی، بلوچستان میں بھی زرعی انکم ٹیکس پر غور ہورہا ہے، برآمدات سے معاشی نموحاصل کرنا چاہتے ہیں، وزیرخزانہ

اپنا ریونیو بڑھانے کیلئے ہر سرمایہ پر اضافی ٹیکس لگانا ہوگا، کہیں سے نہیں آنا تو کرنا ہوگا، تاجروں اور ہیوی ٹیکنیک طبقے پر ٹیکسوں کا بوجھ قومی مفاد ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ 2025-26 کیلئے مشاورت شروع کردی ہے تمام چیمبرز اور صنعت کاروں سے 8 فروری تک تجاویز مانگی ہیں، برآمدات سے معاشی نموحاصل کرنا چاہتے ہیں، زرعی ٹیکس سے متعلق

(بقیہ 5ر روزنامہ صفحہ 3)

حکومت پیسے ہوتے طبقات کو دینے کیلئے عملی اقدامات کرے، ہاعلی

لاہور (آئی این پی) ادارا ورمایہ کار مرحا علی نے کہا کہ مہنگائی کی وجہ سے سفید پوش طبقہ بکس کردیا ہے اور اس کے عزت کے ساتھ زندگی بسر کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔ حکومت کنفنگ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت پیسے ہوتے طبقات کو ریلیف دینے

(بقیہ 5ر روزنامہ صفحہ 3)

مریم نواز نے محنت سے پنجاب میں بہتری نظر آرہی ہے، نواز شریف

راولپنڈی اور گوجرانوالہ ڈویژن کے ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کرنے کا بھی حکم

لاہور (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیر اعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ مریم نواز کی محنت سے پنجاب میں بہتری نظر آرہی ہے، مریم نواز نے راولپنڈی، اٹک، مری، کھوٹا، وزیر آباد، حافظ آباد اور منڈی بہاؤالدین سے پنجاب اسمبلی کے ارکان نے ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی صورتحال عوام کے مسائل اور حلقوں میں ترقیاتی کام زیر غور آئے۔ ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو صوبے میں بہترین کارکردگی پر خراج تحسین پیش

(بقیہ 37ر روزنامہ صفحہ 3)

کامیابی صلاحیت کے میل بوتے پر ہی حاصل ہوتی ہے، آمنہ الیاس

کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ ومائل آمنہ الیاس نے کہا ہے کہ کامیابی صرف صلاحیتوں کے میل بوتے پر ہی حاصل کی جاسکتی ہے۔ ایک انٹرویو میں آمنہ الیاس نے کہا کہ آپریشنز انڈسٹری میں ابھی بھی گروپ رنگت کو ترجیح دی جاتی ہے تاہم اب آہستہ آہستہ میرے جیسی کے لیے گورنر رنگت کی شروعات ہورہی ہے۔ آمنہ الیاس نے ایک سوال کے جواب میں اعتراف کیا کہ شوبز انڈسٹری میں کسی صدمے اقربا پروری موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹار ہی کی بنیاد پر

(بقیہ 38ر روزنامہ صفحہ 2)

کنسرٹ ڈائریکٹر منیشن عابد وکاکو کو ہزارہ اسپورٹس چیمبر مرتضیٰ حسین ہزارہ وگاری شیلڈ سے رہے ہیں

کراچی، لاپتہ ہونے والے 2 کمسن بھائیوں کے واقعے کی ابتدائی تحقیقات میں اہم انکشاف

طفیلیہ کورنگی نمبر ڈھائی پر کوسٹ گارڈ چوکی کے قریب کوڑے پر پھینکا ہوا کمسن بچہ سکیورٹی اہلکاروں کو ملا، کوسٹ گارڈ کے ہمراہ پولیس کا ایس ایچ او نے ایس ایس پی کورنگی کو ایس ایچ او نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ مشتبہ شخص کورنگی نمبر ڈھائی پر کوسٹ گارڈ چوکی کے قریب کوڑے پر پھینکا ہوا بچہ ہے، یہ بچہ ایک